# مقدس الوشیئس گنزاگا (راہب)

آپ ایک با اثر اور امیر گھرانے میں 1568 میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد آپ کو فوجی بنانا چاہتے تھے اور اسی غرض سے چھوٹی ہی عمر میں انہوں نے آپ کو تربیت کیلئے ایک فوجی کیمپ میں داخل کروایا۔ یہاں آپ نے نہ صرف فوجی مہارت حاصل کی بلکہ چند بُرائیاں بھی آپ کی زندگی کا حصہ بن گئیں۔ تاہم جلد ہی آپ کو احساس ہو گیا کہ آپ کو تبدیلی کی ضرورت ہے۔ انہی دنوں میں آپ گُردوں کے عارضہ میں مبتلا ہو گئے۔ اِس کو آپ نے اپنی خوش بختی جانا کیونکہ اب آپ بستر پر رہ کر اپنے خدا کو زیادہ یاد کر سکتے تھے۔ 12 برس کی عمر میں آپ نے مقدس چارلس برومیو سے پہلی بار پاک شراکت لی۔ کچھ عرصہ تک آپ اسپین میں حاکمِ وقت کے دربار میں خدمت کرتے رہے۔ جب آپ جولائی 1584 خ س میں اٹلی واپس لوٹے تو آپ نے پختہ ارادہ کر لیا کہ آپ سوسائٹی آف جیزس میں شمولیت اختیار کریں گے۔ پس آپ نے اپنی ساری جائیداد اپنے بھائی کے نام منتقل کر کے مذکورہ جماعت میں شرکت کر لی۔ یہاں آپ نے 6 سال تک تعلیم و تربیت پائی اور اپنے آپ کو کہانت کیلئے تیار کرتے رہے۔ آپ دل سے مشنری بننے اور ایمان کی خاطر شہادت پانے کی خواہش رکھتے رہے۔ 1591 خ س میں روم میں ایک خطرناک

وباء پھیلی جس کے سبب بہت سارے لوگ بیمار ہو کر مرنے لگے۔ آپ نے اپنی جماعت سے اجازت لے کر اِن بیماروں کی خدمت کرنا شروع کر دی۔ اِسی دوران آپ خود بھی اِسی وباء کا شکار ہو گئے اور اِس قدر علیل ہو گئے کہ بستر پر سے اُٹھ بھی نہ سکتے تھے۔ اِس طرح آپ جون 20-21 کی درمیانی رات لبوں پر یسوع کا نام لیتے ہوئے اِس جہاں سے رحلت کر گئے۔

اے قادرِ مطلق خدا! تُو ہمیں اپنے نیک بندوں کے ذریعے یہ سکھاتا ہے کہ پشیمانی اختیار کر کے تیری طرف لوٹنے سے ہمیں بڑا اَجر ملتا ہے۔ اپنی مہربانی سے ہمیں ہمیشہ اپنے قریب رہنے دے۔ آمین